
من کٹھرا
وقار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

IN THE NAME OF ALLAH

MOST GLORIOUS

MOST MERCIFUL

جملہ حقوق صرف ہمارے پاس محفوظ ہیں

کتاب	---------------	من کٹھرا
شاعر	----------------	میاں وقارالاسلام
اہتمامِ اشاعت	-----------	مارول سسٹم
طلوعِ اوّل	-------------	2009ء
تعداد	----------------	ایک ہزار
سرورق	---------------	سیّد عمران علی شاہ
کمپوزنگ	--------------	آفاق احمد
مطبع	-----------------	السیّد پرنٹرز، لاہور
تعارفی قیمت	------------	-/200روپے

MARVEL SYSTEM
www.marvelsystem.com

من کٹہرا

میاں وقار الاسلام

وقار

MIAN WAQAR UL ISLAM
Poet of Man Katehra

MIAN'S PROFILE

At Present, I am working with Niazi Group as a “Director Operations” and engaged in the company's strategic planning and innovative solution practice areas. Group is successful to achieve a dominant status in multiple sectors including construction business, real estate projects, transportation network, logistic services, tourism industry, bricks manufacturing and agricultural farming. I am actively involved in group's three important projects including Adan Villas (Murree), Alnoor Cargo City (Gwadar) and Rite Aid Homeo Pharma (Pvt) Ltd. (Lahore).

From Year 2000 to the present time, I served in various organizations including:

*** **Solo Tech** (a manufacturer of recognition and access control systems)
*** **Bharosa Foundations** (a research oriented micro-finance organization)
*** **SAAME** (conducting indoor & outdoor medical camping on skin)
*** **QuickFix** (supplier of portable displays and banner systems)
*** **Sage** (launched wireless communication training programs)
*** **Solo Signs** (digital printing equipment and supplies),
*** **Matinn Technologies** (universally sustainable education suites)
*** **Chatha Associates** (marketing research, sales promotion & HR)
*** **Talktel** (payphone services and solutions providing company)

In academic qualification I hold “MBA” degree from Newport University, later I also earned Cisco & Microsoft Professional Certifications. I also participated in professional training sessions from world's leading manufacturers and solution providers including:

*** **SebaKMT** (global leader for fault diagnostic solutions, Germany)
*** **Dynacord** (global leader for public address system, Germany)
*** **Media Bop** (leader for lenticular digital imaging, China)
*** **Bannermate** (leader for modular display stands system, China)
*** **Chocolate Graphics** (print on chocolate with chocolate, Australia)
*** **GAP America** (distributors of collagen RX creams, USA)
*** **Guinn Consultancy Group** (operator of multiple businesses, USA)
*** **GTCCL** (leader for manufacturing payphone sets, China)

MARVEL SYSTEM

www.marvelsystem.com

I am also co-founder and principal consultant of Marvel System (Represents Guinn Consultancy, USA in Pakistan). I have consulting experience in the areas of diversity and inclusion, franchising and licensing, international marketing, team-building, business development, event management, strategic planning and executive counseling. I have distinguished ten-year career as a senior business executive, strategy consultant and creative concept writer. I have extensive experience in facilitating various workshops and planning sessions. for more information please visit

MIAN'S TESTIMONIALS

Abdul Rasheed Awan, Director Operations, Duty Free Shop Ltd.

“There are very few people like Mian Waqar. He is incredibly intelligent, and is almost always the expert in the room. His wide variety of experience and skills lend him credibility and understanding in so many venues that his expertise is often invaluable not just on the job for which he is hired, but in so many facets of the organization for which he is working. Since I first utilized his skills, I have carried his expertise from company to company and client to client, with consistent and predictable results. He will likely be the best consultant you have ever engaged in your organization.”

Alan Guinn, Managing Director, The Guinn Consultancy Group, Inc.

“Mian has always impressed me with his phenomenal abilities to find potential opportunities. He works diligently and succeeds at whatever he starts. He is a true Rainmaker with a capital R, and understands the importance of creating long term relationships and opportunities.”

Farhan Masood, CEO, Solo Smart

“I found Mian Waqar a very loyal soul with an extremely hard working nature, impressive technology skills, wide multi-dimensional knowledge and management expertise. I really enjoyed working with Waqar. He does not keep the word "defeat" in his dictionary. I wish him success in life.”

من کٹھرے کا انتساب

من کٹھرا میری پہلی باقاعدہ کتاب ہونے کے ساتھ ساتھ میرا پہلا تحریری اعمال نامہ، اقرار نامہ اور معافی نامہ بھی ہے۔ جو کہ میں اپنے خالقِ کُل اور رحمتِ کامل کے بعد تمام پڑھنے، لکھنے اور سننے والوں (جن میں یقیناً کچھ مجھ سے خفا بھی ہوں گے) سب کے نام سے منسوب کرتے ہوئے بارگاہِ الٰہی میں اس اجتماعی دُعا کے ساتھ پیش کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ ہم سب کی گذشتہ زندگی کی چھوٹی اور بڑی تمام کوتاہیوں اور خطاؤں کو اپنی رحمت سے معاف فرما کر ہماری زندگی کے باقی سفر کو اپنے نورِ ہدایت سے منور کر دے۔ آمین

من کٹھرے کی خصوصی دعا

حشر کے دن بشر کو معاف کر دیئے جانے سے بڑی کامیابی اور کوئی ہو ہی نہیں سکتی۔ بشر کے دن اس دنیائے فانی میں گنتی کے چند روز ہی ہیں۔ معاف کر دینے اور معاف کر دیئے جانے میں ہی ہماری سلامتی اور بقا ہے۔ میں اس کتاب کے وسیلے سے تمام مسلمانوں کے لیے دعا گو ہوں کہ خدا تعالیٰ ہمیں ہمارے بھائیوں کے درمیان تمام گلے شکوے ختم کرنے کی توفیق دے اور ہمارے دلوں کو نرم بھی کرے اور مضبوط بھی۔ تا کہ ہمارا معاشرہ امن کا مکمل گہوارا بن کر کُرہ ءاَرض پر اُبھرے اور ہدایتِ اسلام کے اُس نور سے پوری دنیا کو منور کر دے جس سے ہمارا ایمان کامل ہوتا ہے۔ آمین

THE MOST INFLUENTIAL PEOPLE IN MY LIFE

Undoubtedly, the most influential people in my life have been my MOTHER and FATHER. It is to them that I credit many of my educational, professional, accomplishments and successes. However, there have been a vast number of lives that have touched my soul; few could be mentioned:

1. Highly Influential Family Members and Relatives

*** Mr. Mian Abdus Salam, Advocate (Father)
*** Mr. Mian Abdul Rauf, (Uncle)
*** Mr. Mian Abdul Qayyum, Advocate (Uncle)
*** Mr. Mian Abdul Jalil, (Uncle)
*** Mr. Mian Abdul Samad, (Uncle)
*** Mr. Mian Muhammad Mumtaz, (Uncle)

2. Highly Influential CEOs and Executive Directors

*** Mr. Shuaib Khan Niazi, (Niazi Group, Pakistan)
*** Mr. Ibrar Khan Niazi, (Alnoor Cargo City, Gwadar)
*** Mr. Tariq Masood, (Solo Group, Pakistan)
*** Mr. Nouman Fahad, (Mega Group, Pakistan)
*** Mr. Muhammad Rafeeq, (Adan Villas, Murree)
*** Mr. Azhar Mehmood Bhatti, (Gwadar International)

3. Highly Influential Advisors, Trainers and Technology Partners

*** Mr. Javaid Ahmed Mehboobi, (Cyber Law), ADBP
*** Mr. Kashif-ul-Haq, (Cisco), Corvit System
*** Mr. Ali Shoukat, (SAP), Abacus Consulting
*** Mr. Farhan Masood, (Solo Smart, Bio Image)
*** Mr. Muhammad Asghar, (Dynacord), Pakistan
*** Mr. Muhammad Zafar, (GE, Philips), Pakistan

4. Highly Influential Associates

*** Mr. Abdul Rasheed Awan, (Duty Free Shop Ltd)
*** Dr. Liaqat Ali Babar, (SAAME), Mailsi
*** Dr. Waseem Sijjad, Child Specialist
*** Dr. Munir Hussain Sheikh, (Rite Aid, Pharma)
*** Mr. Nadeem Akhtar Tamimi, (Micro Aid System)
*** Mr. Ishtiaq Mehmood Tahir, (Vision Art)

5. Highly Influential Teachers and Spiritual Scholars

*** Mr. Khalid Khan, (Descon Group), Pakistan
*** Mr. Shahab Yaqoob, (Descon Group), Bahrain
*** Mr. Shoaib Yousif, (Ameer Soft), Lahore
*** Mr. Asghar Nadeem, (GCC, Multan)
*** Mr. Tariq Sohail Khan, (SebaKMT), Pakistan
*** Mr. Haji Subay Khan, (Madina Oil Mill), Mailsi

6. Highly Influential Friends

*** Mr. Muhammad Ali Ahmed, (Marvel System)
*** Mr. Syed Kashif Shah, (Hawks School)
*** Mr. Naveed Ali Bhatti, (Kazmi Printers)
*** Mr. Nadeem Akhtar, (Marvel System)
*** Mr. Abid Uzair, (Al-Habib Bank)
*** Mr. Rizwan Murtaza, (Concepts Edge)

7. Highly Influential Poets & Writers

*** Dr. Shahnaz Muzamil, (Adab Saraae)
*** Mr. Javaid Shaida, (Deputy Director, PHA)
*** Mr. Karamat Bukhari, (DG Accounts)
*** Dr. Kousar Mehmood (Operative Dentistry)
*** Ms. Sanam Sittar, (Marvel System)
*** Mr. Sohail Raza, (Secretary, PHMA)

*I am newly married, have been for only two months (17/2/09). I give inclusive thanks to my wife, who strongly encouraged me to complete “**Man Katehra**” and helped me to print this book. I deem like, she is the part of this book.*

حُسنِ فہرست

پیش لفظ ------------------------------	17
من کٹہرے کا شاعر -------------------------	21
من کٹہرے کا خصوصی اظہارِ تشکر -------------------	23
من کٹہرے کا تصور -------------------------	24
من کٹہرے کی آواز -------------------------	24
من کٹہرے کی فریاد -------------------------	25
من کٹہرے میں کیا ہے -----------------------	26
من کٹہرے کا ماخذ -------------------------	27
من کٹہرے کا پیغام -------------------------	28
حَمد باری تعالٰی -------------------------	29

حُسنِ فہرست (غزلیں)

۱۔ من کٹہرا میں جب ٹھہرا شرم کا خود پہ پایا پہرا ---------------- 35
۲۔ اَندھی آنکھیں دیکھنا چاہیں ---------------- 36
۳۔ جلتے لاشے حساب دے گا کون ---------------- 37
۴۔ کیسے پیار کرتے ہیں اپنے وار کرتے ہیں ---------------- 38
۵۔ مقدر کے ستارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں ---------------- 39
۶۔ اے کاش کچھ ایسا ہوا ے کاش کبھی یوں ہو ---------------- 40
۷۔ کل جو جیون میں آئے گا مجھ کو تنہا کر جائے گا ---------------- 41
۸۔ سمندر جیسی آنکھوں میں مے خانے ڈوب نہ جائیں ---------------- 42
۹۔ چراغ بجھنے لگے گا تو میں لہو دوں گا ---------------- 43
۱۰۔ کبھی یقین تمہیں میں دِلا نہیں سکتا ---------------- 44
۱۱۔ سُنا ہے آج کی رات چاند نظر نہیں آیا ---------------- 45
۱۲۔ سچ کیسے سنا جائے ---------------- 46
۱۳۔ کبھی کبھی ایسے بھی دیکھا کرو ---------------- 47
۱۴۔ دستورِ دنیا دیکھیں گے ہم پیار کی رسم نبھائیں گے ---------------- 48
۱۵۔ اُبھرتے سورج کا سلام تیرے نام کر دیتا ---------------- 49
۱۶۔ راستوں کا جنگل ہے انتظار کرتا ہے ---------------- 50
۱۷۔ میری طبیعت ہی اپنی فطرت سے کتنی انجان بن گئی ہے ---------------- 51
۱۸۔ کل پھر تیری یاد میں کھو کر آنکھ میری بھر آئی تھی ---------------- 52
۱۹۔ دیوانگی کو اور بھی بڑھنے دیا ہوتا ---------------- 53

۲۰۔ حق میں تیرے جہاں وکالت نہیں جاتی ---------------------- 54
۲۱۔ مجھے کیوں گھر سے ڈر لگنے لگا ہے ---------------------- 55
۲۲۔ جاناں او میری جاناں مرے دل میں چلی آنا ---------------------- 56
۲۳۔ وہم کیسا تھا ڈرتا رہا عمر بھر ---------------------- 57
۲۴۔ کہیں دور اک چنچل کلی سی رہتی ہے ---------------------- 58
۲۵۔ جیون کے دن بھی جاناں میں نے تیرے نام کئے ---------------------- 59
۲۶۔ شب بھر یہ مہماں رہتی ہے دن بھر یہ نظر آتی ہے ---------------------- 60
۲۷۔ چاند جو جگمگا رہا ہے اب ---------------------- 61
۲۸۔ نیندیں میری اُڑا دیتے ہیں ---------------------- 62
۲۹۔ دل کی بستی میں بسا اِک مہمان تیرا ہے ---------------------- 63
۳۰۔ میرے مزاج کے سب رُخ تمہاری ہی تو مثال تھے ---------------------- 64
۳۱۔ دوستوں سے آشنا ہوں دشمنوں سے آشنا ---------------------- 65
۳۲۔ دل یہ کیسے رہ جاتا تجگوں اندھیروں میں ---------------------- 66
۳۳۔ راہیں بدل جو لی ہیں نگاہیں بھی بدل لے ---------------------- 67
۳۴۔ کرتے رہے ہیں پیار مگر چھوڑ دیا ہے ---------------------- 68
۳۵۔ بھیگی پلکوں پہ اشکوں کی مالا ایک بناؤں گی ---------------------- 69
۳۶۔ کھو کے تجھ کو جاناں میری ہم نے کیا ہے پایا ---------------------- 70
۳۷۔ اُمیدیں کب آسرا میرا آس مری ہرجائی ہے ---------------------- 71
۳۸۔ خوشیاں ساجھی ہیں جو اپنی غم بھی اپنے بانٹ ---------------------- 72
۳۹۔ اُن دنوں وقت بھی تو مہربان تھا بہت ---------------------- 73
۴۰۔ درد ِجگر ہمارا یوں ہی جواں رہے گا ---------------------- 74
۴۱۔ اک شمع تیرے نام کی پروانہ تیرے نام کا ---------------------- 75
۴۲۔ بچپن کی محبت کا یہ صلہ ملا ہے مجھ کو ---------------------- 76

۴۳۔ اپنے کیا بیگانے کیا تھے ---------------------------- 77
۴۴۔ خوف اللہ کا مجھ پہ طاری ہو ---------------------------- 78
۴۵۔ کڑی ہے ہجر کی گھڑی ---------------------------- 79
۴۶۔ میری عیدوں کو مسکاؤ گی ---------------------------- 80
۴۷۔ ہوتا آزاد تو ترا ہوتا ---------------------------- 81
۴۸۔ دل یہ تجھ پر نثار کتنا ہے ---------------------------- 82
۴۹۔ سانسوں میں جس کی میرے جذبات بھی گُم ہیں ------------------ 83
۵۰۔ سُن تو سہی وہ کیا کہتا ہے ---------------------------- 84
۵۱۔ ٹوٹے دل کو پاس ہی دے دو ---------------------------- 85
۵۲۔ جانے تو کیوں خفا سا لگتا ہے ---------------------------- 86
۵۳۔ اَنجانے میں تم نے ستم کیا کیا نہیں کیا ---------------------- 87
۵۴۔ حیراں ہوں سوچ کر یہ پریشان بھی ہوں میں ------------------ 88
۵۵۔ دن گذر جاتا ہے اور رات گذر جاتی ہے ---------------------- 89
۵۶۔ حالِ دل بیاں کرتا ہوں رازِ دل عیاں کرتا ہوں ------------------ 90
۵۷۔ اِک شخص تھا جاتے ہوئے غم دے گیا ہے وہ ------------------ 91
۵۸۔ اک ستارا ٹوٹ کے بکھرا ہے ---------------------------- 92

حُسنِ فہرست (نظمیں)

۱۔یااللہ رحیم تو ہی ہے ---------------------- 97
۲۔میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں ------------------- 99
۳۔نیا سال -------------------------- 101
۴۔خطا ---------------------------- 103
۵۔ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا -------------------- 105
۶۔چشمِ آوارہ ------------------------- 106
۷۔تیری سالگرہ ------------------------ 109
۸۔نگاہِ زمانہ ------------------------- 113
۹۔آوارگی کے ہم سفر --------------------- 114
۱۰۔تو نے ہی تو سکھائی ہے -------------------- 116
۱۱۔تو ------------------------------ 118
۱۲۔محور تم ہو ------------------------- 120
۱۳۔یاد کرو -------------------------- 122
۱۴۔آج دن ہے اس کی عید کا ------------------- 124

پیش لفظ

ڈاکٹر شہناز مزمل

من کٹہرے میں خود احتسابی کے لیے کھڑے ہوئے مجرم شاعر میاں وقار الاسلام کا شعری مجموعہ میرے سامنے ہے۔ذہن میں بہت سے سوال جنم لے رہے ہیں۔ یہ کون ہے؟ کس لیے من کٹہرے میں کھڑا ہے؟ کیا احساسات وجذبات کی سنگینی اِسے یہاں تک لائی ہے۔یا اعترافِ جرم کے لیے اِس نے من کٹہرے کا انتخاب کیا ہے؟من کٹہرے میں کھڑا یہ شاعر عجز کے ساتھ ساتھ تذبذب کا بھی شکار نظر آتا ہے۔اور یہ سب کچھ اِس کی کتاب پر بنے ہوئے ٹائیٹل میں نمایاں ہے۔اوراس کی اندرونی کیفیات کی عکاسی کر رہا ہے۔ میں سوچ رہی ہوں بات کا آغاز کس طرح کروں۔ مجھے شاعری کے بارے میں شیلے کی کوٹیشن یاد آ رہی ہے۔

شاعری ہماری باطن کی نظر کے سامنے سے وہ پردہ ہٹا دیتی ہے۔
جو ہمارے وجود کے عجائب کو ہم سے چھپائے رکھتا ہے۔

اور جب وہ پردہ ہٹ جائے تو کیا ہوتا ہے۔روح میں چھپے حقائق الفاظ کا جامہ پہن کر قطار در قطار صفحہ قرطاس پر بکھرتے ہی جاتے ہیں۔شاعر پیدا ہوتا ہے بنایا نہیں جاتا۔شاعری عطیہء خداوندی ہے۔کسی بھی شاعر کے کلام کا جائزہ لینے سے قبل ایک سوال ذہن میں ابھرتا ہے کیا یہ شاعر فطرتی طور پر ایک شاعر ہے یا اس نے مشاہدے کی آنکھ سے جو کچھ دیکھا اور جذبات میں جو اُتھل پتُھل ہوئی اس کو اشعار میں ڈھال کر پیش کر دیا ہے۔وقاؔر محبت کا شاعر ہے، یہ محبت اس نے اپنے خدا سے مذہب سے اپنی مٹی سے اپنے فن سے اور اپنے اردگرد بسنے والے لوگوں سے کی ہے۔اوراس محبت نے اس کو جو کچھ دیا ہے وہ لے کر من کٹہرے میں آن کھڑا ہوا ہے۔

نثری نظموں کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ کبھی کبھی اسے ایک خیال ایسے بے چین کر دیتا ہے کہ میں گنہگار ہوں خطاوار ہوں لیکن ایک انسان ہوں

اس لیے اس کی شاعری غمِ دوراں اور غمِ جاناں کا امتزاج نظر آتی ہے۔

میں ایسا بھی ہوسکتا ہوں
میں ویسا بھی ہوسکتا ہوں

پھر وہ خدا کو رحیم اور کریم ہونے کے ناطے سے پکارتا ہے۔

یا اللہ رحیم تو ہی ہے
یا اللہ کریم تو ہی ہے

انسان روزِ ازل سے ہی اپنی تلاش میں سرگرداں نظر آتا ہے۔

کیا ڈھونڈوں میں تیرے سوا
کوئی راستہ کوئی در کھلا

میری چاہتیں ہیں بلا وجہ
یہ مسافتیں ہیں بلا وجہ

اپنی خطاؤں کا اعتراف کرتا بھی نظر آتا ہے

مجھ ناسمجھ سے شاید یہ ہی خطا ہوئی ہے

اور پھر یہ بھی کہتا نظر آتا ہے

شاید مجھے ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا

عشقِ حقیقی میں گرفتار وقارؔ ہونے نہ ہونے کے تذبذب میں مبتلا ہے جس میں ہر وہ بندہ جو تصوف کے راستے پر گامزن ہے الجھتا رہتا ہے۔

وقارؔ کے مجموعے میں شامل غزلیں بھی اِس کی اِن ہی کیفیات کی عکاسی کرتی ہیں

سُن تو سہی وہ کیا کہتا ہے
خود میں کیوں ڈوبا رہتا ہے

آگ چھپی ہے اُس کے اندر
آنکھوں سے دریا بہتا ہے

عشقِ مجازی کی کیفیت ملاحظہ ہو

راستوں کا جنگل ہے انتظار کرتا ہے
شخص ہے وہ پھولوں سا پھر بھی خوار کرتا ہے

اختیار ہوتا گر اِس بہار پر میرا
رنگ و بُو کے انتظام تیرے نام کر دیتا

آ جاؤ تم پھر سے محفل میں
ویراں دل کو آس ہی دے دو

عشقِ حقیقی اور عشقِ مجازی دونوں رنگ وقارؔ کی شاعری میں موجود ہیں۔من کٹھہرے میں کھڑا مجرم معترف ہے۔

حال دل بیاں کرتا ہوں راز دل عیاں کرتا ہوں
اہل دل شاعر کہتے ہیں شاعری کہاں کرتا ہوں

وقارؔ کے پاس اچھوتا خیال بھی ہے اور الفاظ کا ذخیرہ بھی۔وہ الفاظ کے چناؤ اور بُنت کا ہنر بھی جانتا ہے۔عروض پر گرفت قدرے کم ہے۔اور وہ بتدریج اس کمی کو پورا کرنے کی کاوش کر رہا ہے۔اس کے اندر موجود شاعر اس کو ہمہ وقت شاعری پر اُکسائے رکھتا ہے۔اس کے دوست احباب اکثر فرمائش کر کے اس کی شاعری سنتے ہیں اور اس کی بھرپور حوصلہ افزائی کر کے آگے بڑھنے کا حوصلہ بھی دیتے ہیں۔مستقبل میں انشااللہ وقارؔ شاعری کے رموز وفن پر بھی قدرت حاصل کر لے گا اور ادبی حلقوں میں اٹھنے بیٹھنے سے ادبی دنیا میں ایک مقام بھی حاصل کر لے گا۔

وادیء شعر وسخن ایک وادیء پرُ خار ہے جس میں وقارؔ نے ہمارے ساتھ آبلہ پائی کا آغاز کیا ہے۔دیکھیں کتنے آبلے پھوٹتے ہیں اور کتنے کانٹوں کی پیاس بجھاتے ہیں۔

میں اس کو ادبی دنیا میں پہلا قدم رکھنے پر مبارکباد دیتی ہوں اور اس کے مستقبل کے لیے دعا گو ہوں۔

ڈاکٹر شہناز مزمل
چیئر پرسن ادب سرائے
125 ایف ماڈل ٹاؤن لاہور
03004275692

من کٹھرے کا شاعر

میاں وقار الاسلام

میری گُم نام شاعری کا آغاز تو شاید میرے ہوش سنبھالتے ہی میرے لاشعور کے کسی کونے میں ہو چکا تھا۔ جو وقت کے ساتھ ساتھ جواں ہوتے احساسات اور جذبات میں رنگتا گیا۔

کم عمری میں چھوٹی چھوٹی خواہشوں کا ٹوٹنا میرے لیے شاید کسی خواب کے ٹوٹنے سے زیادہ معانی نہ رکھتا تھا۔ مگر میرے مشاہدات کا سلسلہ اسی آغاز سے وسیع ہوتا گیا۔ پندرہ سال کی عمر میں لکھے ہوئے کچھ اشعار عرض کیا ہے۔

ڈھلتا سورج میرے درد کی داستاں سناتا ہے
وہ تو ہے چاند میرے جانے کے بعد آتا ہے

ہم نے من سے جو چیز بھی چاہی ہوگی
قسمت ایسی ہے کہ اک روز پرائی ہوگی

ایسے چند اشعار جب میں نے کالج میں یا دوستوں میں پڑھے تو انہیں بے ربط اور بے وزن کہا گیا۔ جو درد میں محسوس کرتا تھا اسے سمجھنے میں سننے والوں کو جیسی معذوری تھی کچھ ویسی ہی معذوری میرے لکھنے میں بھی تھی جسے میں نے کچھ یوں بیان کیا

حالِ دل بیاں کرتا ہوں رازِ دل عیاں کرتا ہوں
اہلِ دل شاعر کہتے ہیں شاعری کہاں کرتا ہوں

یہاں میں ان تمام دوستوں کا شکر ضرور ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے مجھے اس وقت برداشت کیا جب مجھے کچھ خاص لکھنا نہیں آتا تھا مگر انہوں نے مجھے نہ صرف کھلے دل سے برداشت کیا بلکہ لکھنے کے عمل کو جاری رکھنے میں میری بے حد حوصلہ افزائی بھی کی۔

لکھنے کا سفر جاری رہا اور میری بچگانہ سوچ معاشرتی ،سماجی ،سیاسی اور مذہبی فکر سے ٹکراتی ہوئی اپنے آپ میں وسیع ہوتی گئی۔سکول سے کالج ،کالج سے یونیورسٹی اور یونیورسٹی سے کاروباری اور سماجی زندگی دوستوں کا دائرہ بڑھتا گیا اور میں لکھتا گیا۔کئی سال تک ٹوٹی پھوٹی شاعری کرنے کے بعد بھی میں نے کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ میں کبھی اپنی کوئی کتاب مارکیٹ میں لاؤں گا۔کیونکہ میں کبھی کسی ادبی محفل کا حصہ رہا ہی نہ تھا۔صرف دوستوں کی حد تک پڑھنا اور بس۔حالانکہ دوستوں نے بہت اسرار کیا تھا کہ میں مشاعروں وغیرہ میں پڑھوں مگر میں نے کبھی غور ہی نہیں کیا۔کیونکہ شاعری میرے لیے کبھی بھی پہلی ترجیح نہیں رہی تھی۔

شاید خدا نے مجھ سے ادب کے لیے بھی کچھ کام لینا تھا اس لئے مجھے ادب سرائے تک پہنچا دیا۔ادبی لوگوں میں مجھے پھر وہی عزت ملی جو شروع شروع میں دوستوں میں پہلے پہلے اشعار پڑھنے پہ ملی۔پہلے مشاعرے کے دوران جب ایک مشہور شاعرہ نے کہا کہ بڑی ہی بے ربط شاعری ہے تو میں نے ایک بے ساختہ شعر پڑھا۔

نیا شاعر ہوں آدابِ محفل سے واقف نہیں
میرے اشعار تیری بحروں سے مل نہیں سکتے

حالانکہ میری شاعری بڑے شاعروں کے درمیان کچھ بھی وزن نہیں رکھتی تھی مگر کسی بھی لمحے مجھے یہ احساس نہیں ملا کہ میں ایک اچھا شاعر نہیں بن سکتا۔ یہاں نہ صرف میری بہت زیادہ حوصلہ افزائی ہوئی بلکہ ایک سال کے کم عرصے میں میں اس قابل بھی ہو گیا کہ کم از کم ایک کتاب مارکیٹ میں لاسکوں۔

من کٹھرے کا خصوصی اظہارِ تشکر

جب میں نے کتاب لانے کا ذہن بنا ہی لیا تو مجھے اور بھی زیادہ حوصلہ افزائی ملی۔ میں شاید ایسی کتاب لانا چاہتا تھا جسے میں اپنے دوستوں تک پہنچا سکتا یا پھر صرف میری ذات کی تسلی ہو سکتی۔ مگر میں ڈاکٹر محترمہ شہناز مزمل صاحبہ کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اپنے قیمتی وقت کا بہت سا حصہ میری اس کتاب کی کانٹ چھانٹ اور وزن ٹھیک کرنے میں دیا۔ ادب کو فروغ دینے کے لیے ان کی بے لوث خدمات یقیناً قابل قدر ہیں۔ خدا اِنہیں صحت اور ہمت اور اپنے مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

من کٹہرے کا تصور

من کٹہرا انسان کے ضمیر کی ایک ایسی عدالت ہے جو خود ہی گواہ ہے خود ہی وکیل ہے اور خود ہی منصف ہے۔ اور منصف بھی ایسی کہ انسان خود بھی اُس کا انکاری نہیں ہوسکتا۔ انسان کی آنکھ اُس سے جھوٹ بول سکتی ہے۔ اُس کا دماغ اُس سے جھوٹ بول سکتا ہے۔ اُس کا چہرہ یہاں تک کہ اُس کا تمام بدن اور اُس کے وجود کا پور پور اُس سے جھوٹ بول سکتا ہے۔ مگر اُس کا ضمیر ہمیشہ سچ ہی بولتا ہے۔ انسان اپنے پورے وجود کو مہنگے کپڑوں زیوروں جوتوں اور کاسمیٹکس جیسے مصنوعی مُرکبات سے نکھار تو دے سکتا ہے مگر ضمیر کو اطمینان اور سکون پہچانے کے لیے انسان کو بلآخر من کٹہرے میں ہی آ کھڑا ہونا پڑتا ہے۔ اور اسی من کٹہرے میں آج میں خود اپنے احتساب کے لیے کھڑا ہوں۔

من کٹہرے کی آواز

آج جب میرے گزشتہ تمام سالوں کی عدالت لگی ہے تو میرے اعمال نے میرا سر شرم سے جھکا دیا ہے اور لگتا ہے کہ برائی کا ہر تمغہ میرے گلے میں طوق بنا کر پہنا دیا جائے گا۔ کیا ایسے میں کوئی ہے جو میری سفارش کرے یا میرا وسیلہ بنے اور میرے ضمیر کی عدالت سے مجھے بری کروائے؟ آج میرے وجود کا پور پور میرے خلاف ہے تو میرا وسیلہ کون ہوگا؟ میرے ضمیر کی عدالت یہ فیصلہ سناتی ہے کہ جا آج تیرا من کٹہرا ہی تیرا منصف کافی ہے۔

من کٹھرے کی فریاد

میں نے اپنے من کٹھرے میں اپنی گردن جھکا دی ہے۔انصاف تو یہ ہے کہ اسے تن اور من سے جدا کر دیا جائے مگر ایمان یہ ہے کہ میرا خدا میرے من سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اور اس کی رحمت میرے برے اعمال کے وزن سے کہیں زیادہ ہے۔اور اس کی رحمت مجھ جیسوں پہ بھی برستی ہے۔کیوں کہ وہ مجھ جیسوں کا بھی رب ہے۔اے میرے رب مجھے اپنی رحمت سے نواز دے اور جو ظلم میں اپنے نفس کے ساتھ کرتا آیا ہوں اس سے میری مغفرت فرما اور مجھے اپنی ہدایت سے منوّر کر دے۔ بے شک تو ہی ہدایت دیتا ہے اور تو ہی سیدھا رستہ دکھانے والا ہے۔اور بے شک ہم ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔اس من کٹھرے کا رجوع تیری طرف ہے۔مجھے انصاف نہیں تیرا فضل اور تیری رحمت مطلوب ہے۔

من کٹہرے میں کیا ہے

اس من کٹہرے میں ذخیرہ ہے ان تمام باتوں کا جسے میرے جیون کی بے بسی اور محتاجی سمجھنے سے تا حال قاصر ہے۔

ایسے رشتے ہیں جن کے واسطے میں نہیں سمجھ سکا
ایسے واسطے ہیں جن کے ناطے میں نہیں سمجھ سکا

ایسی قربتیں ہیں جن کی دوریاں میں نہیں سمجھ سکا
ایسی دوریاں ہیں جن کی قربتیں میں نہیں سمجھ سکا

ایسا شعور ہے جس کی لاعلمی میں نہیں سمجھ سکا
ایسی لاعلمی ہے جس کا شعور میں نہیں سمجھ سکا

ایسا ایمان ہے جس کا نفاق میں نہیں سمجھ سکا
ایسا نفاق ہے جس کا ایمان میں نہیں سمجھ سکا

ایسی مسکراہٹیں ہیں جن کا غم میں نہیں سمجھ سکا
ایسے غم ہیں جن کی مسرتیں میں نہیں سمجھ سکا

ایسے خواب ہیں جن کی تعبیریں میں نہیں سمجھ سکا
ایسی تعبیریں ہیں جن کے خواب میں نہیں سمجھ سکا

ایسی نعمتیں ہیں جن کا حصول میں نہیں سمجھ سکا
ایسی محنتیں ہیں جن کا لا حاصل میں نہیں سمجھ سکا

ایسی دولت ہے جس کی غربت میں نہیں سمجھ سکا
ایسی غربت ہے جس کی دولت میں نہیں سمجھ سکا

ایسے فراز ہیں جن کے نشیب میں نہیں سمجھ سکا
ایسے نشیب ہیں جن کے فراز میں نہیں سمجھ سکا

ایسا اختیار ہے جس کی بے بسی میں نہیں سمجھ سکا
ایسی بے بسی ہے جس کا اختیار میں نہیں سمجھ سکا

من کٹہرے کا ماخذ

اسی بے بسی اور محتاجی نے مجھے ایک ہی بات سکھائی ہے کہ میں اپنے رب کی اک ایسی ڈور سے بندھا ہوں جسے وہ اپنی مرضی سے جتنا چاہتا ہے چھوڑ دیتا ہے اور جب چاہتا ہے کھینچ لیتا ہے۔ میرا اِس دنیا کے آسمان پر کھڑا رہنا، گر جانا، اُونچا ہونا یا نیچا ہونا سب اُس کے مقرر کیے ہوئے اندازے ہیں۔ یہ ڈور میری رُوح ہے اور یہ روح میری ڈور ہے۔ جسے میرے پیدا ہونے سے پہلے پیدا کیا گیا اور اِس روح اور ڈور کا تعلق میرے جینے مرنے سے نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالٰی کا ہمیشہ رہنے والا حکم ہے۔ جس کا اقرار میری جنت ہے جس کا انکار میری جہنم ہے اور اِسی انکار اور اقرار کے درمیان میری یہ عارضی زندگی ہے۔ جو بے بسی اور محتاجی میں گھری ہے اور اسی بے بسی اور محتاجی کو سمیٹے ہوئے میں آج من کٹہرے میں اپنے خدا کی طاقت اور اختیار پر مکمل ایمان لاتا ہوں اور یقین کرتا ہوں کہ میری کامیابی کا تمام تر انحصار میرے پیدا کرنے والے کے رحم و کرم پر ہے۔

من کٹھرے کا پیغام

یہ دنیا فریبی علم کا ایک وسیع سمندر ہے جس کے حقائق ہر تحقیق کرنے والے کو ہمیشہ تھکاتے ہی چلے آئے ہیں۔ کئی علوم جو کہ ہزاروں سالوں کا نچوڑ تھے مٹا دیے گئے یا پھر نئی تحقیق سے غلط ثابت کر دیے گئے مگر اس دنیا کے فریبی علم نے انسان کو پھر اپنی طرف کھینچ لیا اور اپنے سفر میں پھر نئے راستے بنا لئے اور اپنے آپ میں وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا۔ کئی منزلیں سفر میں بدل گئیں اور کئی راستوں نے خود کو منزل بنا لیا۔ جب خدا بندے سے اپنی کائنات کی وسعت کا تھوڑا سا حوالہ دیتے ہوئے کہتا ہے کہ اُس آسمان کی قسم جس کے کئی راستے ہیں تو انسان کا تمام علم اک چٹان پر جمی ہوئی تھوڑی خاک کی طرح ایسے صاف ہو جاتا ہے جیسے اس پر زور سے بارش برس گئی ہو۔

من کٹھرا آج من کے اُس وسیع سمندر کی طرف بلاتا ہے جس کے حقیقی علم کا صرف ایک قطرہ ہماری ازلی اور ابدی دونوں زندگیوں کو معطر کرنے کے لیے کافی ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالی ہمیں اپنے من کٹھرے میں جھانکنے اور اپنا قبلہ درست کرنے کی توفیق دے۔ آمین

حمد بَاری تَعالیٰ

پھیلا ہوا ہے چار سُو یہ رَب کا نور ہے
میں کیا ہوں مجھ کو کس لیئے خود پر غرور ہے

مجھ بے خبر کو آج تک اپنی خبر نہیں
میرے لہو میں دوڑتا رَب کا شعور ہے

حیراں ہے عقل اُس کی عطاؤں پہ ہر گھڑی
یوں نعمتوں میں بھر دیا رَب نے سرور ہے

رُوشن کتاب خیر و بقاء کی نوید ہے
بے علم اِس کی رحمتوں سے کتنا دور ہے

بدکار ، گناہگار پہ اپنا فضل کیا
توبہ کے در پہ ہوں کھڑا کہ وہ غفور ہے

غزلیں

من کٹھرا میں جب ٹھہرا شرم کا خود پہ پایا پہرا
لب خاموش تھے آنکھیں نَم تھیں سر بھی جھکا ہوا تھا میرا

رات کو مرنا صبح کو جینا اپنا تو معمول رہا
ڈسنے لگی ہے تیرگی شب کی مل جائے پُر نور سویرا

چھوٹے چھوٹے سپنے اپنے کھو گئے سارے رستے میں
اپنے سپنے ٹوٹ کے بکھرے کسی کا سپنا نہیں بکھیرا

ٹکڑے ٹکڑے دل کے کر کے خود کو تو ویران کیا
اپنے رستے اندھے کر کے سب کا رستہ کیا سنہرا

بہتے رہتے کتنے دریا کتنے سمندر آنکھوں سے
کوشش ہم نے تو یہ کی تھی آنسو بھی چھلکے نہ تیرا

اَندھی آنکھیں دیکھنا چاہیں
بہرے کان بھی سننا چاہیں

ہم پر ہاوی پردہء باطل
حق رستے پہ چلنا چاہیں

دل پاگل تو دنیا مانگے
دل کو بس میں لانا چاہیں

کلمہ گو ہیں حق کہتے ہیں
اپنی خودی کو خود جگانا چاہیں

ہمارے عمل میں وزن نہیں ہے
رحمت تیری مانگنا چاہیں

جلتے لاشے حساب دے گا کون
آنکھیں پتھرائیں خواب دے گا کون

دل یہ کیسے سوال کرتا ہے
ٹوٹے دل کو جواب دے گا کون

شبِ غارت جہاں تماشہ بنی
بے ضمیروں کو تاب دے گا کون

گر نسوں میں بسی ہو ابلیسی
دستِ شیطاں کتاب دے گا کون

چھائی ہے یاں دلوں پہ تاریکی
سحر صبح آفتاب دے گا کون

کیسے پیار کرتے ہیں اپنے وار کرتے ہیں
مار کر ہر اک خواہش تار تار کرتے ہیں

ذات کے پجاری بھی پوجا کیسی کرتے ہیں
الٹی سیدھی رسموں سے کتنا پیار کرتے ہیں

جیسا ہوتا آیا ہے ویسا کرتے جاتے ہیں
جھوٹی سچی تکراریں بے شمار کرتے ہیں

اِن کی نسلیں قربانی دے کے بھینٹ چڑھتی ہیں
کچے پکے رشتوں کے بیوپار کرتے ہیں

یہ اَنا کی بستی کے اندھے بہرے باسی ہیں
کفر کا ہر اک رستہ اختیار کرتے ہیں

مقدر کے ستارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں
میرے اپنے پیارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں

پہنچ جاتا ہوں منزل پر تو اکثر ایسا ہوتا ہے
میرے اپنے سہارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں

محبت کے میں شعلوں سے چراغِ دل جلاتا ہوں
محبت کے شرارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں

وصالِ یار کی خواہش جگا کر جب نکلتا ہوں
یہ دنیا کے نظارے بھی تو مجھ سے روٹھ جاتے ہیں

کبھی دُکھ کے سمندر میں تلاطم برپا ہوتا ہے
اُسی لمحے کنارے بھی تو مجھ سے رُوٹھ جاتے ہی

اے کاش کچھ ایسا ہو اے کاش کبھی یوں ہو
مجھے جس کی آرزو ہے اس کو مرا جنوں ہو

رشتے وفا کے تجھ سے اے کاش مول مانگیں
اس بے بسی پہ دل کی سر تیرا بھی نگوں ہو

اے کاش ہجر موسم تم بھی تو کبھی دیکھو
ذرا ہم بھی جان جائیں کتنے تم افلاطوں ہو

اے کاش تم بھی جانو یہ جگ ہنسائی کیا ہے
رسوائی کی یہ لعنت تقدیر میری کیوں ہو

گذرے ہیں کرب لمحے کیسے وقارؔ پر بھی
اس بے سکوں کی طرح تری شام بے سکوں ہو

کل جو جیون میں آئے گا مجھ کو تنہا کر جائے گا
مشکل کر دے گا وہ جینا دیوانہ کر جائے گا

بھرتے جائیں گے سینے میں نت نئ اُمید کے طوفاں
آنکھوں کو آنسو دے کر دل ویرانہ کر جائے گا

جلے گی راتوں میں جب جب بھی تیری یاد کی شمع
جلے گا مر جائے گا کیا پروانہ کر جائے گا

سِل ہی جائیں گے وقت کے ساتھ ہی دل کے سارے زخم
آنے والا کل ہر بار انہیں نیا کر جائے گا

ظالم دنیا ، دینا گواہی ساتھ وقار کے تم بھی
میرا اپنا ہو کر بھی وہ مجھ کو یوں تنہا کر جائے گا

سمندر جیسی آنکھوں میں مے خانے ڈوب نہ جائیں
حسیں آنکھوں کی مستی میں پیمانے ڈوب نہ جائیں

تری چاہت تری اُلفت میں کتنے دل تڑپتے ہیں
حسیں یادوں کی بستی میں دیوانے ڈوب نہ جائیں

جہاں سورج کے ڈھلتے ہی فروزاں کہکشائیں ہوں
وہاں چندا چکوری میں ستارے ڈوب نہ جائیں

ہے کتنی پگلی شمع روز جلتی اور پگھلتی ہے
فنا تو ہوں گے پروانے زمانے ڈوب نہ جائیں

یہ میرا اور تیرا میل ہے تو کھیل لفظوں کا
کہیں شاعر کی بحروں میں فسانے ڈوب نہ جائیں

چراغ بجھنے لگے گا تو میں لہو دوں گا
بکھر کے بھی میں زمانے تجھے خوشبو دوں گا

رزق رازق ہی نہ دے ایسا ہوا ہی کب ہے
بھوک سے مرتے ہوئے رُوح کو وضو دوں گا

وصالِ شب تو سحر سے بہت حسیں ہو گی
شبِ سیاہ کو میں شمعِ آرزو دوں گا

بھلا نہ پاؤ گے مایوسیوں میں تم مجھ کو
تم مجھ کو ڈھونڈ سکو تم کو جستجو دوں گا

عوض غلامی کے شہرت مجھے قبول نہیں
میں اپنی بات کو مطلب بھی ہو بہو دوں گا

کبھی یقین تمھیں میں دِلا نہیں سکتا
میں بعد تیرے کہیں دل لگا نہیں سکتا

اگر یہ ضد ہے تمہاری تو کیسے ممکن ہے
میں لاکھ چاہوں بھی تجھ کو منا نہیں سکتا

کیا ہے بس میں مجھے تم نے ایک مدت سے
میں خود سے خود کو بھی اب تو ملا نہیں سکتا

رہے ہیں تم سے ہی وابستہ لمحے خوشیوں کے
وہ عید ، عید نہیں تو جو آ نہیں سکتا

بھروسہ کس طرح اُس شخص پہ کرے گا وقارؔ
جو وعدہ کرتا ہے اُس کو نبھا نہیں سکتا

سُنا ہے آج کی رات چاند نظر نہیں آیا
شاید مجھ سے رُوٹھا تھا جو اِدھر نہیں آیا

دل کی بازی میں تم سے ہار بیٹھا تھا
باز تو پھر بھی اے بازی گر نہیں آیا

دیارِ بے خبر سے ناداں کو میرا تجسس تھا
پر اِدھر بھولے سے بھی وہ بے خبر نہیں آیا

اُسے گلہ ہے میں نے بھلا دیا اُس کو
کیسے اُسے بتاؤں کب اُس کا ذِکر نہیں آیا

تیرے بغیر در بدر کتنا چلیں گے اب وقارؔ
ہم پہ ٹوٹا قہر جو تجھ کو نظر نہیں آیا

سچ کیسے سنا جائے
سب کیسے کہا جائے

دکھ کیسے سہا جائے
خوش کیسے رہا جائے

ہر لمحہ لگے ایسے
جیسے کوئی آ جائے

جس جگہ تجھے دیکھوں
آنکھوں میں سما جائے

بس اُس کے سمجھنے کو
دیوانہ بنا جائے

کبھی کبھی ایسے بھی دیکھا کرو
کبھی کبھی ایسے بھی سوچا کرو

بادلوں کی طرح نہ گرجا کرو
بارشوں کی طرح نہ برسا کرو

پروانوں کی طرح نہ جلا کرو
شمع کی طرح نہ پگھلا کرو

جو بات بس سے باہر ہو
اُس بات کا نہ گلہ کرو

تیرے سوز میں جو پاگل ہو
اُسے ہنستے ہنستے ہی ملا کرو

دستورِ دنیا دیکھیں گے ہم پیار کی رسم نبھائیں گے
لائیں گے تصور میں تم کو جب تم سے ملنا چاہیں گے

افسانے ناداں دل کے ہم تنہائی کو سنائیں گے
یادوں کے سارے دیئے من مندر بیٹھ جلائیں گے

میرے من کی چار دیواری میں بس تیری ہی مورت ہو گی
دل ہم کو یوں بہلائے گا ہم دل کو یوں بہلائیں گے

ہم تیری خاطر منزل کا ہر رستہ چھوڑتے جائیں گے
اس رہ گذر میں اے جاناں میرے ارماں نہ آئیں گے

اب کس کا بھروسہ کرنا ہے اس ظالم جھوٹی دنیا میں
اس دل کو بچانے کی خاطر سانسوں سے الجھتے جائیں گے

اُبھرتے سورج کا سلام تیرے نام کر دیتا
دن کے سارے تام جھام تیرے نام کر دیتا

سردیوں کی دھوپ ساری گرمیوں کی چھاؤں بھی
موسموں کی سرد شام تیرے نام کر دیتا

اختیار ہوتا گر اس بہار پر میرا
رنگ و بو کے انتظام تیرے نام کر دیتا

دل کی کیفیت کو میں جب بیان کر سکتا
حسرتوں کے سب کلام تیرے نام کر دیتا

قید میں جو کر سکتا ان حسین لمحوں کو
آنے والے سب ایام تیرے نام کر دیتا

راستوں کا جنگل ہے انتظار کرتا ہے
شخص ہے وہ پھولوں سا پھر بھی خوار کرتا ہے

ساتھ چھوڑ کر اس نے بے سکون کر ڈالا
مجھ سے وہ نہیں ملتا بے قرار کرتا ہے

زندگی میں کب اُس سے اپنی آشنائی تھی
دل کیوں اُس سے ملنے کو بار بار کرتا ہے

ہم کلام رہتا ہوں اُس سے اپنے شعروں میں
اس طرح کسی کو کب کوئی پیار کرتا ہے

غیر ہو کے بھی مجھ کو یاد آتا رہتا ہے
پیدا میرے ایمان میں انتشار کرتا ہے

میری طبیعت ہی اپنی فطرت سے کتنی انجان بن گئی ہے
یہ میری چاہت یہ میری حسرت ہی میرا ارمان بن گئی ہے

ہے وقت ظالم کہ توڑ ڈالے ہیں تیری یادوں سے میرے رشتے
گذرتے لمحوں سے میرے ماضی کی داستان بن گئی ہے

برستے ساون کی اِک جھڑی جو آ کے یاں پہ ٹھہر گئی ہے
وہ میری پلکوں پہ بن بلایا سا ایک مہمان بن گئی ہے

یہ ٹوٹا بکھرا سا آشیانہ یہ بگڑی صورت یہ اُجڑی حالت
میری ہی بے کار زندگی کی یہ ترجمان بن گئی ہے

زمانہ گذرا وقار تجھ کو ستم زمانے کے سہتے سہتے
دکھوں کو اب مسکرا کے سہنا ہی میری پہچان بن گئی ہے

کل پھر تیری یاد میں کھو کر آنکھ میری بھر آئی تھی
میری سوچ پہ پہرے کب تھے تم سے مل کر آئی تھی

ماضی کی جب چاندنی میرے دل آنگن میں اُتری تھی
پھر جانے کب رات کٹی اور نئی سحر پھر آئی تھی

تجھ کو دیکھا میں نے اکثر اپنے خواب خیالوں میں
روشنی ہر سو پھیل گئی تھی تو میرے گھر آئی تھی

آتشِ جاں سوز میں سمجھا جلتے جلتے بجھ گئی ہو گی
آگ دبی تھی کہیں سینے میں پھر سے اُبھر آئی تھی

تم سے شکوہ ہے نہ مجھ کو قسمت سے ہے شکایت اب
اَشکوں کا ساون برسا تو زندگی اور نکھر آئی تھی

دیوانگی کو اور بھی بڑھنے دیا ہوتا
تھی لیلٰی تُو مجنوں مجھے بننے دیا ہوتا

رکھنا تھا مجھے دور ہی خوشیوں کے چمن سے
اس دل کو ذرا اور تڑپنے دیا ہوتا

منزل میرے قدموں سے کچھ دور نہیں اب تو
اک آس کا دیا تو جلنے دیا ہوتا

آیا ہے خزاں موسم کب دور بہاریں ہیں
اُمید کا ہی نشہ پھر چڑھنے دیا ہوتا

پیاسا ہی میں لوٹا ہوں دریا کے کناروں سے
کچھ کرنے دیا ہوتا کچھ ہونے دیا ہوتا

حق میں تیرے جہاں وکالت نہیں جاتی
ہم سے وہاں لگائی عدالت نہیں جاتی

سہہ کر بھی جفا ہم نے بھلا مانگا ہے اس کا
بدلی کیوں ہم سے اپنی ہی عادت نہیں جاتی

ہے سامنے میخانہ مگر بیٹھے ہیں پیاسے
ہم کیا کریں کہ اپنی شرافت نہیں جاتی

اچھا سبق دیا ہمیں بازارِ عشق نے
بس اس دلِ ناداں کی جہالت نہیں جاتی

شیوہ ہے میرا آگ سے وقار کھیلنا
میں ہوں شریر شرارت نہیں جاتی

مجھے کیوں گھر سے ڈر لگنے لگا ہے
یہ شاید مجھ پہ شک کرنے لگا ہے

مری ہر سانس جیون پہ ہے بھاری
دھڑکتا دل بھی اب رکنے لگا ہے

مری نظروں میں تو اُونچا بہت تھا
کیوں اونچائی سے تو گرنے لگا ہے

تری خاطر میں یوں رسوا ہوا ہوں
یہ دل دنیا سے اب بھرنے لگا ہے

لگائی ٹھیس جس نے تیرے دل کو
وقارؔ اس پر ہی کیوں مرنے لگا ہے

جاناں او میری جاناں مرے دل میں چلی آنا
ہے تیرے بن اے جاناں جیون میرا ویرانہ

کیا بن گئی ہیں یادیں راتیں وہ ساری باتیں
بیگانہ تو ہوا ہے میں ہو گیا دیوانہ

بھولوں گا بھلا کیسے رنگین اداؤں کو
وہ تیرا مسکرانا آنچل کو بھی لہرانا

کر دیتا ہے دیوانہ وہ بھیگا ہوا موسم
سجتا رہا مے خانہ بھرتا رہا پیمانہ

یہ ہجر کنول کیسا آنگن میں کِھلا میرے
کر ڈالا ہے اس نے تو یہ گھر مرا ویرانہ

وہم کیسا تھا ڈرتا رہا عمر بھر
خوف کیسا تھا ڈستا رہا عمر بھر

گھر کے ویران کونے میں وہ کون تھا
جو کہ خاموش بستا رہا عمر بھر

مجھ کو سمجھو ذرا مجھ کو جانو ذرا
چشمِ پُر نم سے کہتا رہا عمر بھر

میں نے دل سے خدا ہی کو مانگا تھا بس
کیا مجھے بھی وہ ملتا رہا عمر بھر

اک دن مجھ سے ملنے وہ آ جائے گا
لے کر اُمید پھرتا رہا عمر بھر

کہیں دور اک چنچل کَلی سی رہتی ہے
جو وقت سے کہیں پہلے کِھلی سی رہتی ہے

ہے ساتھ موجِ صبا جیسے ایک مدت سے
رُتِ وصال میں اک چاشنی سی رہتی ہے

سفر میں رہتی ہمیشہ ہے چشمِ آوارہ
لبِ خموش پر اک تشنگی سی رہتی ہے

کوئی تو جائے اور جا کے اُس سے یہ پوچھے
کیا اُس کے دل میں بھی اک بے کلی سی رہتی ہے

میں چھوڑ آیا ہوں اس کو وقارؔ کوسوں دور
مگر یہ زندگی تب سے رُکی سی رہتی ہے

جیون کے دن بھی جاناں میں نے تیرے نام کئے
تیری زلف کی چھاؤں کے نیچے میں نے کئی قیام کئے

یاد ہیں مجھ کو آج بھی وہ سب پیمانے وہ میخانے
ماضی کے لاچار سے دن سارے صبح سے شام کئے

بے خبری اور نا سمجھی میں ٹوٹ گئے سارے ناطے
پل بھر میں جیون کے رشتے کب کسی نے تمام کئے

سورج کو بھی ظاہر کر کے چاند کو بے حجاب کیا
دونوں جہاں کے سارے عجوبے تو نے بے نیام کئے

کیسے بھلا سکتے ہیں آخر بچپن کی سب یادوں کو
خواب کہاں دیکھے ہم نے راتوں سے ہی کلام کئے

شب بھر یہ مہماں رہتی ہے دن بھر یہ نظر آتی ہے
شام ہوتے ہی تیری صورت چشمِ تر میں اُتر آتی ہے

ماضی کی اک یاد بھی میرے دل کو پاگل کر جاتی ہے
یاد جزیروں پر یہ اکثر مہماں بن کر آتی ہے

دھڑکن سے یہ کھیلتے کھیلتے سانس سے آ ٹکراتی ہے
میری فطرت خود سر کتنی کب یہ زیرِ اثر آتی ہے

ہجر لمحوں میں پاگل ہو کر ڈھونڈ رہا ہے شب کی صبح
رات جب گہری ہو جاتی ہے اس میں کب سحر آتی ہے

ٹوٹے پھوٹے سپنوں اور بھولے بسرے لمحوں کی
یاد وقارؔ کو جب آتی ہے اس کی طبیعت بھر آتی ہے

چاند جو جگمگا رہا ہے اب
یاد تیری دِلا رہا ہے اب

وہ کھڑا گنگنا رہا ہے اب
دل کو میرے جلا رہا ہے اب

میں نے اُس کا نہیں بگاڑا کچھ
کیوں مجھے وہ ستا رہا ہے اب

مدتوں تک جو ساتھ تھا میرے
وہ مجھے ہی بھلا رہا ہے اب

اِک احساں وقار پر کر کے
کس طرح جتا رہا ہے اب

نیندیں میری اُڑا دیتے ہیں
کچّے خواب جگا دیتے ہیں

فریب کی نگری ہے یہ دنیا
کم ہی لوگ وفا دیتے ہیں

اللہ معافی دے دیتا ہے
لوگ یہاں پہ سزا دیتے ہیں

نیکی کرتے دکھلاوے کو
جو کرتے ہیں جتا دیتے ہیں

حق کے وارث چُپ رہتے ہیں
لاوارث ہی سُنا دیتے ہیں

دل کی بستی میں بسا اِک مہمان تیرا ہے
دل کی ہستی میں بسا یہ جہان تیرا ہے

مہتاب تیرے ہیں آفتاب تیرے ہیں
یہ زمین تیری ہے آسمان تیرا ہے

سب خیال تیرے ہیں سارے خواب تیرے ہیں
میری ساری یادوں کو اِک گمان تیرا ہے

ساری غزلیں تیری سب فسانے تیرے ہیں
میری ساری باتوں کا اِک عنوان تیرا ہے

جستجو بھی تیری ہے آرزو بھی تیری ہے
حسرتوں کو میری اب اِک ارمان تیرا ہے

میرے مزاج کے سب رُخ تمہاری ہی تو مثال تھے
میں تو مثال تھا تری صرف تم ہی بے مثال تھے

کامل تھے تم تو اے صنم اعلٰی بھی باکمال بھی
ہر لمحہ مجھ میں تھے بسے تم ہی تو میرا حال تھے

تم لاجواب تھے صنم پھر لاجواب کر گئے
دل میں میرے دبے ہوئے ابھی کئی سوال تھے

شاید تم اپنے آپ کے خود ہی خلاف تھے مگر
میں آئینہ تیرا ہی تھا تم مجھ میں صرف ڈھال تھے

کلیوں میں رونقیں تری ، پھولوں پہ جب نکھار تھے
وقار تیرے دل میں یہ کس رنگ کے زوال تھے

دوستوں سے آشنا ہوں دشمنوں سے آشنا
ہوں محبت کا امیں اور نفرتوں سے آشنا

پھول کھلنے سے ہی پہلے توڑ کر مسلے گئے
دیکھا انجامِ بہاراں موسموں سے آشنا

ساتھ وہ دیتا بھی کیسے میں مسافر تھا مگر
منزلوں سے دور رہ کر فاصلوں سے آشنا

کب رہی مجھ کو تری دنیا میں جانے کی طلب
درد میں ڈوبا ہوا تھا وحشتوں سے آشنا

ڈھونڈتا پھرتا تھا تجھ کو ہر جگہ تیرا وقارؔ
تیری چاہت میں ہوا تھا قافلوں سے آشنا

دل یہ کیسے رہ جاتا رتجگوں اندھیروں میں
تھا تیرا رُخِ روشن صبح میں سویروں میں

تیرے بعد کیا ملتا نظموں اور غزلوں میں
بے وزن تھیں سب باتیں جو کہیں تھیں شعروں میں

تجھ کو بھولنا مشکل خود کو ہی بھلا ڈالا
بیٹھ کر لبِ ساحل تجھ کو ڈھونڈا لہروں میں

چاند رات ہو کوئی یا موسمِ بہار ہو
لُطف اب نہیں آتا موسموں کے گھیروں میں

اک ہجومِ یاراں ہے اور وقار تنہا ہے
اب یہاں پہ کیا رہنا کیا رکھا ہے شہروں میں

راہیں بدل جو لی ہیں نگاہیں بھی بدل لے
وعدے بدل گئے ہیں تو باتیں بھی بدل لے

بھلانا عذاب تھا تجھے پانا خواب تھا
جذبے بدل گئے ہیں اُمیدیں بھی بدل لے

بس اُس کی تمنا میں جیو کچھ نہ کرو اب
سپنے بدل گئے ہیں تو راتیں بھی بدل لے

مت کر خراب خود کو سہارے شراب کے
بدلے ہیں گر طریقے ادائیں بھی بدل لے

کرتے رہے ہیں پیار مگر چھوڑ دیا ہے
اُمید نے تھک کر یہ سفر چھوڑ دیا ہے

سکھلا دیا دنیا نے ہمیں نظریں چُرانا
رشتوں نے وفاؤں کے اثر چھوڑ دیا ہے

رہتا ہے اِن آنکھوں میں تیرے عکس کا کنکر
لہروں نے چشمِ نم میں بھنور چھوڑ دیا ہے

جس شام سے شمع نے جلا ڈالا ہے خود کو
پروانے نے اُس شام سے گھر چھوڑ دیا ہے

وقارؔ کو اُلجھن سی بہت رہنے لگی تھی
مدت ہوئی اس نے یہ نگر چھوڑ دیا ہے

بھیگی پلکوں پہ اشکوں کی مالا ایک بناؤں گی
من کو مار کے ہاں کہہ دوں گی غیر کی ہو جاؤں گی

مل کر ساری دنیا میرے سوگ کا جشن منائے گی
میں دکھیاری درد کی ماری چپ بیٹھی رہ جاؤں گی

میرے ارماں راکھ کریں گے اِن رسموں کے شعلے
کیسے اس اندھیر نگر میں بڑھ کر دیا جلاؤں گی

میری بھی تقدیر لکھیں گے چند معزز لوگ یہاں
میں بھی اوروں کی طرح ریت سے مانگ سجاؤں گی

ہو جائے وقّار جو میرا لیکن کون یہ جانے
کیا اس کی ہو کر بھی پگلی میں اس کی ہو پاؤں گی

کھو کے تجھ کو جاناں میری ہم نے کیا ہے پایا
پا کے سب کچھ جاناں ہم نے جانے کیا ہے کھویا

مجبوری تھی تیری تو نے گھر اپنا ہے بسایا
اور میں تیرے ہجر میں اپنے گھر کو جلا کر آیا

ٹھیک ہے یہ کہ ظلمتِ شب میں ہو نہ سکا تو میرا
روشن دن میں جاناں ہم تھے اک دوجے کا سایہ

قربت چھوڑی وعدہ توڑا لاج مری نہ رکھی
یہ تو بتا دے ایسا کر کے ہاتھ ترے کیا آیا

سب کچھ چھینا لیکن تو نے یادیں مجھ کو دے دیں
شکر خدا کا تو نے میرا اتنا ساتھ نبھایا

اُمیدیں کب آسرا میرا آس مری ہرجائی ہے
بھیگا موسم ہر شے پر نم آنکھ مری بھر آئی ہے

ارمانوں کو میں نے سُلا کر راتیں جاگ کر کاٹی ہیں
سینے اندر آگ جو بھڑکی اشکوں سے ہی بجھائی ہے

پیار نے کتنے پیار سے مجھ کو جگ میں رسوا کر ڈالا
پیار یہ میرا پیار ہی کب ہے سپنوں کی پرچھائی ہے

میری دھڑکن میری سانسیں آج بھی کب میری ہیں ہمدم
اپنے دکھ تو سب سے کہنا اپنی ہی رسوائی ہے

اور کسی سے کیا ہم کہتے کوئی نہ اپنی بات سنے
اپنے دل کی عدالت ہی میں اپنی بھی شنوائی ہے

خوشیاں سانجھی ہیں جو اپنی غم بھی اپنے بانٹ
چشمِ پر نم بانٹ لے اور ماتم بھی اپنے بانٹ

گر وعدہ ہے جینے کا تو سن لے اتنی بات
قہر کے لمحے بانٹ لے اپنے کام بھی اپنے بانٹ

جس اُمید پہ سیکھا ہے اس پاگل دل نے دھڑکنا
کام سہارے جینا کیسا نام بھی اپنے بانٹ

اپنی خوشی کی خاطر تو ہے مے خانے میں آیا
عشق کا نشہ بڑھتا جائے جام بھی اپنے بانٹ

تیری خاطر اس دنیا نے مجھ کو رسوا کر ڈالا
میرا بن کر اے جاناں الزام بھی اپنے بانٹ

اُن دنوں وقت بھی تو مہربان تھا بہت
جب یادوں کا جزیرہ سنسان تھا بہت

حیراں کئے رکھتی باتوں کی دل آویزی
تب تو دلِ مضطر بھی نادان تھا بہت

سوز جگر بھی کوئی اب نام کیسے لکھتا
اندر میرے چھپا ہوا شیطان تھا بہت

تنہا کر گئے تھے جو مجھ کو میرے اپنے
اُن رشتوں پر مجھے بھی تو مان تھا بہت

وقار گرتے گرتے تو آ گیا کہاں تک
نظروں میں جو کسی کے مہان تھا بہت

دردِ جگر ہمارا یوں ہی جواں رہے گا
سینے میں اپنا جلتا آتش فشاں رہے گا

سر پر چمک رہا ہے رسوائی کا جو سورج
میرے وجود پر یہ کب تک عیاں رہے گا

ہے توڑ پھوڑ ڈالا نازک سے مرے دل کو
کل تک چراغ سحری جلتا کہاں رہے گا

آنکھوں نے میری اب تک دیکھی نہیں بہاریں
تیرے بغیر جاناں دورِ خزاں رہے گا

اس عید پر بھی جاناں کب عید اپنی ہو گی
بن تیرے میرے ہمدم ماتم سماں رہے گا

اک شمع تیرے نام کی پروانہ تیرے نام کا
یہ دل لگی تیرے نام کی دیوانہ تیرے نام کا

قصہ یہ تیرے نام کا افسانہ تیرے نام کا
دستور تیرے نام کا زمانہ تیرے نام کا

پرچھائی تیرے نام کی یہ عکس تیرے نام کا
نذر یہ تیرے نام کی نذرانہ تیرے نام کا

جدائی تیرے نام کی پُروائی تیرے نام کی
تنہائی تیرے نام کی ویرانہ تیرے نام کا

یہ شعر تیرے نام کے غزلیں بھی تیرے نام کی
یہ بحریں تیرے نام کی ترانہ تیرے نام کا

بچپن کی محبت کا یہ صلہ ملا ہے مجھ کو
کہ تجھ کو سوچنے کا بھی گلہ ملا ہے مجھ کو

رِم جِھم ہے آنسوؤں کی اور دل سُلگ رہا ہے
کر کر کے بھی وفائیں یہ کیا ملا ہے مجھ کو

سانسیں رُکی رُکی سی اور دل دھڑک رہا ہے
شاید کوئی تصور میں آ ملا ہے مجھ کو

میں سوچتا تھا ساتھی تنہائی کا یہ دل ہے
دل میرا مجھ سے زیادہ تنہا ملا ہے مجھ کو

سو بار کوششوں سے تجھ کو بھلانا چاہا
زخمِ جگر ہمیشہ تازہ ملا ہے مجھ کو

اپنے کیا بیگانے کیا تھے
رشتوں کے پیمانے کیا تھے

البیلے وہ زمانے کیا تھے
خاموشی کے ترانے کیا تھے

درد بھی وہ اَنجانے کیا تھے
بِن دیکھے دیوانے کیا تھے

سب کچھ اُن پر نذر کریں گے
ہاتھوں میں نذرانے کیا تھے

شمع بن کر پگھل رہے تھے
اُن کے ہم پروانے کیا تھے

خوف اللہ کا مجھ پہ طاری ہو
یہ خودی بھی تو مجھ پہ بھاری ہو

ظلمتِ نفس میں پور پور گھرا
نفسِ امارہ اب انکاری ہو

دھڑکنیں ہر گھڑی درود پڑھیں
ورد اللہ کا لب سے جاری ہو

تو سما جائے میری نس نس میں
جان بھی میں نے تجھ پہ واری ہو

کڑی ہے ہجر کی گھڑی
دیکھوں جہاں ہے تو کھڑی

یاد کا تو ذکر کیا
تو ہے وجود میں جڑی

رونا یہاں کس بات کا
تکلیف تو ہے ہر بڑی

گھائل ہے دل جگر مرا
دھڑکن اَذیت کی لڑی

ڈھلتی ہے عمر دید ہو
زندگی آس پر اَڑی

میری عیدوں کو مسکاؤ گی
میری خوشیوں کو لوٹاؤ گی

آنکھوں کی پیاس بجھاؤ گی
تم یہیں کہیں سے آؤ گی

جب آنچل کو لہراؤ گی
پھر ہر سو رنگ بکھراؤ گی

جب گلشنِ دل مہکاؤ گی
کلیوں کی طرح شرماؤ گی

جب پلکیں اپنی اُٹھاؤ گی
رِم جِھم برکھا برساؤ گی

ہوتا آزاد تو ترا ہوتا
فیصلہ کوئی تو مرا ہوتا

محفلوں میں خوشی جو مل جاتی
کیوں میں تنہائی میں گِھرا ہوتا

رسمِ شمع ہی گر تھی دھرانی
ایک پروانہ اور جلا ہوتا

چند لمحے میں اور جی لیتا
اُس کو احساس گر ذرا ہوتا

دیکھتا میں بدلتے دن اور رات
جھٹ پٹے میں ہی جو کھڑا ہوتا

دل یہ تجھ پر نثار کتنا ہے
کیا کہوں تجھ سے پیار کتنا ہے

اہمیت تیری جانتے ہیں سب
تو نہیں پر شمار کتنا ہے

تیری اُمید سے بندھی نہیں دھڑکن
خود پہ اب اِختیار کتنا ہے

چشمِ تر میں ہیں تیرے نام کے سب
رَت جگے اور خمار کتنا ہے

مجھ کو کھینچے وصال کی خواہش
کیا خبر وہ تیار کتنا ہے

سانسوں میں جس کی میرے جذبات بھی گُم ہیں
دھڑکن میں جس کی میرے احساسات بھی گُم ہیں

وہ اب بھی انتظار کی بانہوں میں چُھپی ہے
آنکھوں میں میری اُس کے تصورات بھی گُم ہیں

آ کر تو کبھی دیکھ میرے شام و سحر کو
پچھلا پہر ہے تیری کرامات بھی گُم ہیں

یہ روح میں دوڑتے ہوئے رشتے بھی عجب ہیں
اِن میں خوشی کے سارے لمحات بھی گُم ہیں

سب چھوڑ کر وقار چلا راہِ وفا پر
یہ کیسی ہے منزل کہ نشانات بھی گُم ہیں

سُن تو سہی وہ کیا کہتا ہے
خود میں کیوں ڈوبا رہتا ہے

آگ چُھپی ہے اس کے اندر
آنکھوں سے دریا بہتا ہے

یاد کے گھنگرو باندھ کے اکثر
درد کی لے پر سر دھنتا ہے

پہن کے وہ تقدیر کی چوڑی
اپنے مقدر کو بُنتا ہے

ڈھونڈتا ہے وقارؔ بھی جس کو
ہاتھ لکیروں میں رہتا ہے

ٹوٹے دل کو یاس ہی دے دو
آس کی تھوڑی پیاس ہی دے دو

مہک اُٹھیں مرجھائی کلیاں
اِن کو تھوڑی سانس ہی دے دو

آ جاؤ تم پھر محفل میں
ویراں دل کو آس ہی دے دو

ہوش ہوئے گُم دیوانے کے
اِس کو تم بن باس ہی دے دو

دشمن کے ہی کام وہ آئے
جیون کچھ حساس ہی دے دو

جانے تو کیوں خفا سا لگتا ہے
زندگی سے جدا سا لگتا ہے

چھوڑ جائے گی ساتھ اب یہ سانس
لمحہ ہر بے وفا سا لگتا ہے

ہم نے محسوس کیا ہے اکثر
غیر اب آشنا سا لگتا ہے

کون جانے وہ پھیر لے آنکھیں
دیکھنے میں بھلا سا لگتا ہے

جا کر اُس کو پُکارتے ہیں وقارؔ
در تو اُس کا کھلا سا لگتا ہے

اَنجانے میں تم نے ستم کیا کیا نہیں کیا
ویران کر کے مجھ کو یوں اچھا نہیں کیا

گو تیری بے رُخی نے رلایا ہے عمر بھر
سہہ کر ستم سلوک بھی تم سا نہیں کیا

ہر زخم تیرا دل میں چُھپا رکھا ہے میں نے
ہے عشق تیرے سامنے دھوکا نہیں کیا

جیون میں صبح شام کا چلتا رہا چکر
بس تیری یاد نے مجھے تنہا نہیں کیا

قسمت کا فیصلہ نہ کیا وقت نے وقارؔ
تھوڑا ستم کیا ہے زیادہ نہیں کیا

حیراں ہوں سوچ کر یہ پریشان بھی ہوں میں
دشمن پہ اپنے کتنا مہربان بھی ہوں میں

دیمک کی طرح چاٹ گیا زندگی کو جو
اُس کا ہوں پاسبان نگہبان بھی ہوں میں

باہر ہیں اور گھر میں بھی نا آشنا سے لوگ
خود اپنا مہربان اور مہمان بھی ہوں میں

کیا مانگنا کسی سے کوئی دے سکے گا کیا
اپنی ہی تمنا بھی ہوں اَرمان بھی ہوں میں

کہتا نہیں ہے کچھ بھی زمانہ وقار اب
اَن لکھی اک کہانی ہوں فرمان بھی ہوں میں

دن گذر جاتا ہے اور رات گذر جاتی ہے
دے کے دیوانوں کو صدمات گذر جاتی ہے

شبِ تنہائی میں آ جائے اگر اسکا خیال
دل سے پھر یادوں کی بارات گذر جاتی ہے

وہ جو پتھر کا نہیں ہے تو بتا دے پھر کیوں
اُس کے سر سے میری ہر بات گذر جاتی ہے

ڈُوب کے اَشکوں میں اُبھرے نہیں ارماں میرے
جیسے بادل بناء برسات گذر جاتی ہے

آشنا ہو کے بھی نا آشنا تو کیوں ہے وقار
زندگی بخش کے آفات گذر جاتی ہے

حالِ دل بیاں کرتا ہوں رازِ دل عیاں کرتا ہوں
اہلِ دل شاعر کہتے ہیں شاعری کہاں کرتا ہوں

زخمِ دل ہی کو میں اکثر ڈھالا کرتا ہوں لفظوں میں
پوشیدہ آتش فشاں کو سینے میں فشاں کرتا ہوں

یادیں جب تڑپا جاتی ہیں مجھ کو بے بس کر جاتی ہیں
اپنے ماضی کو پھر اپنے گھر ہی میں مہماں کرتا ہوں

تیرا عکس سجایا میں نے اِک مے خانہ بنایا میں نے
شام ہوتے ہی بیٹھ کے اس میں دل کے زخم جواں کرتا ہوں

کوئی تو یہ پوچھو آ کر کرتے رہتے ہو کیا اکثر
اُس کو میں دعا دیتا ہوں زندگی دھواں کرتا ہوں

اِک شخص تھا جاتے ہوئے غم دے گیا ہے وہ
رُکنے کی زندگی کو قسم دے گیا ہے وہ

مجھ کو اکیلا چھوڑ کے چُپ چاپ چل دیا
آنکھوں میں رتجگوں کو جنم دے گیا ہے وہ

یہ زندگی کہاں پہ مجھے لے کے آ گئی
ہر یاد کو بنا کے مرہم دے گیا ہے وہ

جھونکا بہار کا ہے پلٹ آئے گا ضرور
جاتے ہوئے اُمیدِ پیہم دے گیا ہے وہ

کیسے پُکاروں اُس کو میں تنہائی میں وقارؔ
جیون کو میرے جور و سِتم دے گیا ہے وہ

اک ستارا ٹوٹ کے بکھرا ہے
دل ہمارا ٹوٹ کے بکھرا ہے

اِک اُمید سرِ راہ بیٹھی
یہ سہارا ٹوٹ کے بکھرا ہے

ڈوبتی ہیں اُمید کی لہریں
غرور سارا ٹوٹ کے بکھرا ہے

صبر پیمانہ لب پہ جب آیا
تو کنارا ٹوٹ کے بکھرا ہے

تلخیء زیست خمار میں لپٹی
ہر نظارا ٹوٹ کے بکھرا ہے

حُسنِ فہرست ﴿نظمیں﴾

۱۔یااللہ رحیم توہی ہے ------------------ 97

۲۔میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں ---------------- 99

۳۔نیا سال ---------------------- 101

۴۔خطا ------------------------ 103

۵۔ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا ---------------- 105

۶۔چشمِ آوارہ --------------------- 106

۷۔تیری سالگرہ -------------------- 109

۸۔نگاہِ زمانہ --------------------- 113

۹۔آوارگی کے ہم سفر ----------------- 114

۱۰۔تونے ہی توسکھائی ہے ---------------- 116

۱۱۔تو ------------------------ 118

۱۲۔محور تم ہو -------------------- 120

۱۳۔یاد کرو --------------------- 122

۱۴۔آج دن ہے اس کی عید کا --------------- 124

نظمیں

یااللہ رحیم توہی ہے

یااللہ رحیم توہی ہے
یااللہ کریم توہی ہے

تیری شان جل جلالہٗ ھو
یااللہ عظیم توہی ہے

میں جب بھی مشکل میں پڑا
ملا توہی مشکل کشا

تیرے ہاتھ میں سب شفاعتیں
یااللہ حکیم توہی ہے

توہی نگہباں میرے خدا
توہی پاسباں میرے خدا

کیا ڈھونڈوں میں تیرے سوا
کوئی راستہ کو دَر کھلا

میری چاہتیں ہیں بلا وجہ
یہ مسافتیں ہیں بلا وجہ

جن راستے ہوں چل پڑا
وہ منزلیں ہیں بلا وجہ

یااللہ رحیم تو ہی ہے
یااللہ کریم تو ہی ہے

تیری شان جل جلالہ ھو
یااللہ عظیم تو ہی ہے

میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں

میں اِک انسان ہوں
میں اِک ناداں بھی ہوں

میں گنہگار بھی ہوں
میں خطاوار بھی ہوں

میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں
میں ویسا بھی ہو سکتا ہوں

مگر تم دِل میں
کوئی غلط فہمی
لانے سے پہلے

اس دنیا کی لگی لگائی
سُنی سُنائی
اپنانے سے پہلے

مجھ کو یاد رکھنا
مجھے ہر بات سے
آگاہ بھی رکھنا

میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں
میں ویسا بھی ہو سکتا ہوں

یہ دنیا خوشیوں کی دشمن ہے
چاہتوں کی قاتل ہے

یہ ورغلا بھی لیتی ہے
یہ بہکا بھی دیتی ہے

تم میری باتوں کو
نظر میں رکھنا
بے پرواہ نہ ہونا

میں ایسا بھی ہو سکتا ہوں
میں ویسا بھی ہو سکتا ہوں

نیا سال

نیا سال تمیں
اِک ایسے سفر پہ لے کر چلے

جہاں چاہتیں
تیری شریکِ حیات بنیں
اور مسرتیں
ہم سفر ہوں

جہاں تمہارے
نقشِ پا پہ چلیں
رنگ و بو کے میلے
اور تم پر نچھاور ہوں
سبھی ماہ و ایام

جہاں لمحہ لمحہ تم پر گرائے
سُرخ پھولوں کی پتیاں
اور تم پر سایہ کریں
وقت کی بدلیاں

اور تم پر تمام ہوں
رحمتوں کی بارشیں

اور تمہارے منتظر ہوں
عید و تہوار

اور تمہارے آنچل سے اُڑے
موسمِ بہار

اور تمہاری زلفوں سے برسیں
رم جھم برساتیں

ایسا ہی اک نیا سال
تمہیں ہر سال مبارک ہو

خطا

مجھ ناسمجھ سے شاید یہ ہی خطا ہوئی ہے

کہ میں نے خزاں میں بہار چاہی ہے
اور بہار میں خزاں کے خواب دیکھے

اِس طرح قدرت کا کوئی بھی موسم
میرا ہو کر بھی میرا نہیں ہوا

میں ٹوٹتا گیا میں بکھرتا ہی گیا
اور جب کوئی سمیٹنے والا ملا

تو میری آنکھیں دھوکا کھا گئیں
میں ناداں اُسی ہی میں کھو گیا

آج جب تمھیں اپنی اور چلنا ہے
تو میں کس بات کا شکوہ کروں

میں نے تو شاید ابھی تلک بھی
اپنی کسی منزل کا تعین نہیں کیا
آج جب میں مُڑ کر دیکھتا ہوں

تو مجھے اپنے بے منزل راستے
صاف نظر آتے ہیں

ہاں مجھ جیسے خطاوار ماضی کا
شاید خدا یہی حال کرتا ہے

مجھ ناسمجھ سے شاید یہ ہی خطا ہوئی ہے

کہ میں نے خزاں میں بہار چاہی ہے
اور بہار میں خزاں کے خواب دیکھے

ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا

شاید میں نے تمہاری زندگی میں اپنے
سارے رنگ ہی بھر دیئے تھے
جس کی وجہ سے اب مجھے
اپنے اندر کی بے رنگینی
صاف نظر آتی ہے

شاید میں نے تم سے ہی ساری
اُمیدیں باندھ لی تھیں
جس کی وجہ سے اب مجھے
اپنی زندگی کی نا امیدی
صاف نظر آتی ہے

شاید میں نے اپنے سارے خواب
تم سے ہی جوڑ دیئے تھے
اور جیسے اب میں ان کے
ٹوٹنے کے تصور سے بھی
ڈرنے لگا ہوں

شاید مجھے ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا

چشمِ آوارہ

اے چشمِ آوارہ
توچشمِ تَر میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

دل کے رِشتوں کی
اَگرمگر میں
ڈوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

یہ زیرِ جوبن
پڑی مدھوشیاں
یہ اَدائیں اُمنڈتی شوخیاں
یہ مغرور سی طبیعت

لڑکھڑاتے ڈگمگاتے
بے سہارا
جذبوں کی لہر میں
ڈوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

یونہی چلتے پھرتے
کسی دن
شام کے وقت
سوچ کی وادیوں میں
کہیں

مجھے دیکھ کے
چونکے گی
پچھلے پہر میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

اے حسرتِ دلِ ناداں
تجھے بَر آنا ہے
تو اُٹھ جا
حالات سے لڑنا سیکھ

یہ داستان عشق بھی
رواج کے بھنور میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

ہاں اور ناں کی
زنجیر سے تم
باندھے رکھنا خیالوں کو

زندگی اسی کشمکش کی
زِیروزَبر میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

اے چشمِ آوارہ
تو چشمِ تَر میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

دل کے رِشتوں کی
اَگر مگر میں
ڈُوب جائے گی
تو کہاں جائے گی

تیری سالگرہ

کل دن ہے تیری سالگرہ کا
میں تمہیں تحفے میں
اک مالا دینا چاہتا ہوں

اک ایسی مالا جسے
میں نے اپنے جذبات سے پرویا ہو
جس کا ہر موتی میرے احساسات کا
منہ بولتا ثبوت ہو

جو وہ سب کچھ کہہ سکے
جسے کہنے کو میرا من
ہر پل ترستا ہے

میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ تیرے بارے میں

تیری زلفوں میں چُھپے
بادلوں کے بارے میں
جو گرج بھی سکتے ہیں
برس بھی سکتے ہیں

میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ تیرے بارے میں

تیری آنکھوں میں جلتی ہوئ
شمعِ فروزاں کے بارے میں
جو جلا بھی سکتی ہے
بہکا بھی سکتی ہے

میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ تیرے بارے میں
تیرے ہونٹوں کے
تبسم کے بارے میں
جو سحر بھی رکھتے ہیں
قہر بھی رکھتے ہیں

ہاں میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ اپنے بارے میں

اپنے احساسات وجذبات
کے بارے میں
جو تیرے گماں سے زندہ ہیں
تیرے خیال سے باقی ہیں

ہاں میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ اپنے بارے میں

اپنی تنہائیوں اور رتجگوں
کے بارے میں
جن میں تیرا وجود آج بھی
خوشبو کی طرح سمایا ہے

ہاں میں کہہ دینا چاہتا ہوں
کچھ اپنے بارے میں

کچھ اپنی بہکتی وفاؤں
کے بارے میں
جن میں احساس تم سے تھا
جن میں حواس تم سے تھا

اور میں تمہیں کچھ یاد دلانا چاہوں گا
کچھ ہم دونوں کے بارے میں

اُن رشتوں کے بارے میں
اُن وعدوں کے بارے میں
اُن ملاقاتوں کے بارے میں
اُن ارادوں کے بارے میں

اور میں تمہیں کچھ یاد دلانا چاہوں گا
کچھ ہم دونوں کے بارے میں

جو ہماری زندگی کی
اک ایسی حقیقت ہیں
جسے نہ تم کبھی بھلا سکتی ہو
نہ میں کبھی بھلا سکتا ہوں

اور میں تمہیں کچھ یاد دلانا چاہوں گا
کچھ ہم دونوں کے بارے میں

میرے پاس تیری کچھ امانتیں ہیں
کچھ باتیں ہیں کچھ نشانیاں ہیں
وہ کبھی آ کر واپس لے لو
شاید میں اُن سے دامن چھڑانا چاہتا ہوں

اور میں تمہیں کچھ یاد دلانا چاہوں گا
کل دن ہے تیری سالگرہ کا

نگاہِ زمانہ

ہماری خوش فہمی ہے
کہ نگاہِ زمانہ پردے میں ہے
ہر اک نظر میں تو بھی ہے
ہر اک نظر میں میں بھی ہوں

اپنی وفاؤں کو کیا نام دوں
تیرے جذبوں کو کیا پہچان دوں
ہر وقت پریشاں تو بھی ہے
ہر وقت فکر میں میں بھی ہوں

زمانے کی بہت سی باتیں ناگوار
لوگوں کی بہت سی ادائیں تکلیف دہ
ہر اک زباں پہ تو بھی ہے
ہر اک ذِکر میں میں بھی ہوں

اب ہے تیرا ٹھکانہ بھی آوارگی
اب ہے میرا ٹھکانہ بھی آوارگی
بے منزل مُسافتوں میں تو بھی ہے
بے ترتیب راستوں میں میں بھی ہوں

آوارگی کے ہم سفر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

بعدِ عشاء یا بعدِ فجر
تیرے بعد کیا شمس و قمر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

لے خبر یا دے خبر
تو ہے بے خبر میں بے خبر

ترے بعد ویراں ہے سبھی
دربدر سبھی دربدر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

پا سکا نہ بھلا سکا
بُلا سکا نہ جا سکا

کب سے سنساں ہے پڑی
تیری راہ گزر میری ڈگر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

کیا خوشی اور کیا غمی
تیرے بعد پلکوں پہ نمی

کیا سفر ہے یہ ہجر
تو کِدھر اور میں کدھر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

سمجھایا دل پر جانا نہیں
میں کسی اور بھی مانا نہیں

کیا محفلیں کیا رَت جگے
تیرے بعد کیا غور و فکر

میری آوارگی کے ہم سفر
مجھے یاد تو شام و سحر

تو نے ہی تو سکھائی ہے

شمع کو جلانے کی زباں
پروانوں کو جلنے کی زباں
ستاروں کو چمکنے کی زباں
چاند کو دمکنے کی زباں

تو نے ہی تو سکھائی ہے

دلوں کو دھڑکنے کی زباں
سانسوں کو بہکنے کی زباں
چوڑیوں کو کھنکنے کی زباں
پائل کو چھنکنے کی زباں

تو نے ہی تو سکھائی ہے

گلوں کو مہکنے کی زباں
پرندوں کو چہکنے کی زباں
بادلوں کو گرجنے کی زباں
بارشوں کو برسنے کی زباں

تو نے ہی تو سکھائی ہے

رنگوں کو سنورنے کی زباں
خوشبو کو بکھرنے کی زباں
حنا کو رَچنے کی زباں
موسم کو بدلنے کی زباں

تو نے ہی تو سکھائی ہے

یادوں کو سمٹنے کی زباں
تنہائیوں کو تڑپنے کی زباں
شعلوں کو دہکنے کی زباں
جذبوں کو سلگنے کی زباں

تو نے ہی تو سکھائی ہے

تو

راستوں میں
قافلوں کی طرح
تو
مسافتوں میں
منزلوں کی طرح
تو

موسموں میں
بہاروں کی طرح
تو
سالوں میں
عیدوں کی طرح
تو
مریدوں میں
مرشدوں کی طرح
تو
غیروں میں
اپنوں کی طرح
تو

یادوں میں
خیالوں کی طرح
تو
نیندوں میں
خوابوں کی طرح
تو

جذبوں میں
وفاؤں کی طرح
تو
دلوں میں
دھڑکنوں کی طرح
تو

محور تم ہو

جام ساغرِ حیات کی
سبھی لہروں بحروں کا
محور تم ہو

نشیب سے فراز تلک تم
رواں جھرنوں کا
محور تم ہو

مانندِ مہتاب شبِ روشن تم
اور تیرا وصالِ جاں نثار

من کے سمندر میں
اُمنڈتے ہوئے طوفانوں کا
محور تم ہو

چنچل سی کہکشائیں
جب پھیلاتی ہیں
فلک پہ عروسی آنچل

گھٹا کے چلمن سے جھانکتے
اَنگنت ستاروں کا
محور تم ہو

مانندِ شمعِ فروزاں تیرا طلسم
اور محفلِ شب غارت

جلتے ہوئے پروانوں کی
پتھرائی ہوئی آنکھوں کا
محور تم ہو

دل کی دھڑکنیں چلتی ہیں
جن مداروں پہ
تھم تھم کر

اُن اُونچے نیچے
ٹیڑھے میڑھے
راستوں کا
محور تم ہو

یاد کرو

وہ پیام تو
یاد کرو
وہ کلام تو
یاد کرو

تیری زباں پہ
رہتا تھا
وہ نام تو
یاد کرو

نظروں سے جو
پلائے تھے
وہ جام تو
یاد کرو

شام تلک جہاں
ٹھہرے تھے
وہ مقام تو
یاد کرو

سنگ سنگ جو
گذارے تھے
وہ ایام
یاد کرو

شاید میں
یاد آ ہی جاؤں
یاد کرو

آج دن ہے اس کی عید کا

اس نے خود کو مہکایا ہو گا
اس نے خود کو سجایا ہو گا

کبھی تو خود کو ہنسایا ہو گا
کبھی تو خود کو رُلایا ہو گا

ہاتھوں میں رنگِ حنا رچایا ہو گا
ہوا میں آنچل بھی لہرایا ہو گا

کبھی تو چوڑیوں کو کھنکایا ہو گا
کبھی تو پائل کو چھنکایا ہو گا

جب نغمے وفا کے گائے ہوں گے
وہ خود سے بھی شرمایا ہو گا

من کٹہرا



من کٹھرا
MIAN WAQAR UL ISLAM
Director Operations
Cell: 0300-4102774 & 0321-4545719
E-mail: mianwaqarpk@yahoo.com
Website: www.marvelsystem.com
NIAZI GROUP INTERNATIONAL
www.niazigroup.com.pk
AL-NOOR CARGO CITY, GWADAR
www.alnoorgwadar.com
ADAN VILLAS, MURREE
www.adanvillas.com